# کوئین میری ہاسپٹل

# جگر کی پیوند کاری کے بعد مریض کی نگہداشت
# اور جگر کی پیوند کاری کے بعد کی
# پیچیدگیوں کا تعارف

**حصه I**




ورژن: **10/2018**

# جگر کی پیوندکاری کے بعد
# عمومی معلومات

**1) انتہائی نگہداشت کے یونٹ میں**

10 گھنٹے کے جگر کی پیوندکاری کے آپریشن کے بعد، **آپ کو انتہائی نگہداشت کے یونٹ (آئی سی یو) میں پیچیدہ انتظام کے لیے منتقل کر دیا جائے گا۔** جگر کی پیوندکاری پر مامور ٹیم کے معالجین آپ کے علاج کی دیکھ بھال جاری رکھیں گے۔

آپریشن کے بعد کے پہلے دو ایام انتہائی نازک ہوتے ہیں۔ **آپ کو نگرانی کے بعض آلات، اخراجی نظام، شریان یا وینس کیتھیٹرز، یا وینٹی لیٹر وغیرہ سے منسلک کیا جائے گا۔** طبی عملہ نگرانی کے آلات کی مدد سے آپ کی حالت کا مشاہدہ کرے گا اندازہ قائم کرے گا۔ عام طور پر، آپ آئی سی یو میں 2-3 ایام یا اس سے زیادہ رہیں گے اور آپ کی نگرانی کی جائے گی۔ جب آپ کی حالت مستحکم ہو جائے گی تو، آپ کو مزید انتظام اور مشاہدے کے لیے لیور ٹرانسپلانٹ سینٹر میں منتقل کر دیا جائے گا۔ معالجین ہر روز آپ کی پیش رفت کی نگرانی کریں گے اور آپ کی منتقلی کا فیصلہ کریں گے۔

**2) لیور ٹرانسپلاٹ سنٹر سے جنرل وارڈ میں واپسی**

وارڈ میں قیام کے دوران، آپ کو طبی اور نرسنگ عملہ کے مشورے اور رہنمائی کی پیروی کرنی چاہیے۔ بے چین اور پریشان نہ ہوں۔ خاندان اور دوستوں کی طرف سے معاونت اور حوصلہ افزائی آپ کی بحالیء صحت میں کردار ادا کرے گی۔




لیور ٹرانسپلانٹ سنٹر



Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

## آپریشن کے بعد زخم میں درد کا انتظام

آپ کو آپریشن کے بعد وریدوں کے ذریعے پیشنٹ کنٹرول اینلجیسیا (PCA) دی جائے گی۔ پھر معالجین اور اینستھیٹسٹس بذریعہ منہ یا انٹرامسکلر ادویات باقاعدگی سے تجویز کریں گے۔ آپ طبی اور نرسنگ عملے سے ادویات یا مزید معلومات کے متعلق پوچھ سکتے ہیں اگر ضرورت ہو۔

## آپریشن کے بعد خون کا معائنہ

پیوندکاری کے بعد، آپ کو **ہر روز خون کے معائنے کی ضرورت پڑے گی۔ آپ کو نرسنگ عملے کی دی گئی ہدایات کی پیروی کرنی چاہیے اور خون نکالے جانے کے بعد FK506 یا سیرولیمس لینی چاہیے۔** معالجین دوا کے لیول کو دوا کی خوراک بدلنے کے ذریعے درست کریں گے اور آپ کی بحالی صحت کی پیش رفت کا معائنہ کریں گے۔

## آپریشن کے بعد غذا

آپریشن کے بعد، ڈاکٹر آپ کو مناسب غذائیت کے حصول کے لیے جلد از جلد باقاعدہ خوراک دوبارہ شروع کرنے کا مشورہ دیں گے۔ جب آپ پہلی بار خوراک دوبارہ شروع کریں گے تو، آپ کو بھوک میں کمی، متلی، پیٹ پھولنا، یا یہاں تک کہ قے کا سامنا کرنا ہو گا۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ سرجری کے بعد اینستھیزیا اور آنتوں کی سست حرکت کے بقایا اثرات موجود ہوتے ہیں۔ آپ چند ایام میں ٹھیک ہو جائیں گے اور آپ کی بھوک آہستہ آہستہ بہتر ہو جائے گی۔ **ہم آپ کو مشورہ دیتے ہیں کہ باقاعدگی سے کھانے کی مقدار کم کریں اور باقاعدہ کھانوں کے درمیان کھائیں۔ بہت زیادہ پیٹ بھر کر نہ کھائیں اور کھانے سے پہلے اور بعد میں بہت زیادہ مائع لینے سے گریز کریں۔** نرس آپ کے لیے صاف خوراک اور پینے کے پانی کا انتظام کرے گی، تصویر 1 دیکھیں، لہذا خاندان کو آپ کے لیے کھانا



Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

لانے کی ضرورت نہیں ہے۔ غذائی ماہرین بھی آپ کو ملاحظہ کریں گے اور آپریشن کے بعد کھانے کا پلان تیار کریں گے۔




عکس 1: جگر کی پیوندکاری کے بعد صاف غذا اور پانی

**بعد از آپریشن نگہداشت اور ورزش**

مناسب غذائیت حاصل کرنے اور مخصوص اوقات میں ادویات لینے کے علاوہ، صحت یابی کے لیے ہلکی ورزش ضروری ہے۔ سرجری کے بعد پہلے چند ایام میں، آپ کو بستر سے اٹھنا چاہیے اور روزانہ کم از کم 2-1 گھنٹے کے لیے کرسی پر بیٹھنا چاہیے۔ براہ مہربانی مزید گہری سانس لینے کی ورزش کریں کیونکہ اس سے آپ کے پھیپھڑوں کو پھیلنے میں مدد ملتی ہے اور آپ کو بلغم کو آسانی سے بذریعہ کھانسی باہر نکالنے کے قابل بناتا ہے یا سانس لینے کے لیے اپنا خرید کردہ بریدنگ ایکسرسائزر کا استعمال کریں (عکس 2 دیکھیں)۔




عکس 2: بریدنگ ایکسرسائزر



Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

علاوہ ازیں، فزیوتھراپسٹ آپ کو سائیکل کے ذریعے ٹانگوں کی ورزش کرنا سکھائے گا، عکس 3 دیکھیں، تاکہ آپ کی ٹانگوں کے پٹھوں کو مضبوط کیا جا سکے، خون کی گردش میں اضافہ ہو، اور ٹانگوں کے وینس تھرومبوسس جیسی پیچیدگیوں کا خطرہ کم ہو پائے۔ ورزش کے لیول، مثلاً چلنے کو، آہستہ آہستہ بڑھایا جا سکتا ہے۔



عکس 2: بائیک: لمب کی ورزش کے لیے

**مالی پریشانی**

میڈیکل سوشل ورکر معاونت فراہم کر سکتا ہے اگر ضرورت ہو۔ براہ مہربانی ہماری وارڈ نرس سے رابطہ کریں۔

**فُٹ ڈراپ**

اگر ایسا ہوتا ہے تو، آکوپیشنل تھراپسٹ آپ کے پاؤں کے گھماؤ کو برقرار رکھنے اور حالت کو مزید خراب ہونے سے روکنے کے لیے اسپلنٹ کا ایک جوڑا ڈیزائن کرے گا، عکس 4 دیکھیں۔



عکس 4: فُٹ اسپلنٹس


Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

## روزمرہ حفظان صحت کے لیے رہنمائی

### 1) ذاتی حفظان صحت

آپریشن سے پہلے اور بعد میں ذاتی حفظان صحت لازم ہے۔ روزانہ نہانا یا غسل کرنا آپ کی جلد کو صاف رکھتا ہے اور بیکٹیریا کی افزائش کو روکتا ہے۔ اگر آپ کو خدشہ ہو کہ نہانے یا غسل کرنے کے دوران زخم گیلا ہو جائے گا تو، ہم آپ کو مشورہ دیتے ہیں کہ آپ اپنے جسم کو گیلے تولیے سے صاف کریں اور ہسپتال میں داخل ہونے کے دوران ہر روز اپنے خاندان کے افراد یا ہسپتال کے صحت کے نگہداشت کنندہ معاونین کی مدد سے اپنے جسم سے قریبی ربط میں رہنے والے کپڑے تبدیل کریں۔ جب زخم ٹھیک ہو جائے گا اور اسٹیپلز ہٹا دی جائیں گی تو، آپ معمول کے مطابق نہانے یا غسل کے قابل ہو جائیں گے۔ چہرے میں خالی جگہوں کو خشک کرنا یاد رکھیں اور چہرا خشک اور صاف رکھیں۔ **اگر زخم سے پانی نکل رہا ہو یا آپ کو انفیکشن کا شبہ ہو تو فوری طور پر معالجین سے رابطہ کریں۔**

اگر آپ اپنی جلد کو خشک محسوس کرتے ہوں تو، آپ غسل کرنے یا نہانے کے بعد معتدل قسم کا موئسچرائزنگ لوشن استعمال کر سکتے ہیں۔



اس کے علاوہ اپنے گھر کو صاف رکھنا بھی ضروری ہے۔ کیڑوں کو ختم کرنے اور انفیکشن سےبچاؤ کے لیے، اپنے گھر کو باقاعدگی سے صاف کریں (مثلاً ہفتے میں ایک مرتبہ)۔ اس کے علاوہ، آپ اپنے ٹوائلٹ اور



Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

پانی کے ذرائع کو صاف کرنے کے لیے 1:99 بلیچ استعمال کر سکتے ہیں۔

**2) تمباکو نوشی اور شراب نوشی ترک کریں**

براہ مہربانی تمباکو نوشی اور شراب نوشی نہ کریں۔ تمباکو نوشی آپ کے پھیپھڑوں کو نقصان پہنچاتی ہے اور کو سینے کے انفیکشن کی طرف لے جاتی ہے۔

شراب نوشی جگر کو مزید نقصان پہنچاتی ہے۔ براہ مہربانی شراب نوشی ترک کر دیں۔




**3) پُر ہجوم عوامی مقامات سے گریز کریں**

جگر کی پیوند کاری کے بعد پہلے 3 ماہ میں، آپ کو پُر ہجوم عوامی مقامات جیسے سینماؤں، ریستورانوں اور ڈیپارٹمنٹل اسٹوروں وغیرہ پر جانے سے گریز کرنا چاہیے۔ اگر اس سے گریز نہیں کیا جا سکتا ہے تو، براہ مہربانی ماسک پہنیں اور عوامی مقامات پر ہاتھوں کی حفظان صحت کا خیال رکھیں۔ ہم آپ کے دوستوں اور عزیزوں کو مشورہ دیتے ہیں کہ اگر وہ جگر کی پیوند کاری کے بعد پہلے 3 ماہ میں آپ سے ملنا چاہتے ہیں تو ماسک پہنیں۔

انفیکشن سے بچاؤ کے لیے جانوروں اور پرندوں کے ساتھ ربط سے گریز کریں۔


Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

**4) ورزش اور سماجی سرگرمی**

آپ کی صحت کی بحالی کی مدت کے دوران یا ہسپتال سے ڈسچارج ہونے کے پہلے چند ہفتوں کے دوران، آپ بغیر مشقت تھکا ہوا محسوس کریں گے۔ براہ مہربانی مزید گھری سانس لینے کی ورزش کریں اور زیادہ آرام کریں۔ بعض اوقات آپ کو اپنے پورے جسم کے پٹھوں میں اور خاص طور پر ٹانگوں کے پٹھوں میں کمزوری محسوس ہو گی۔ یہ سرجری کے بعد ورزش کی کمی اور زسٹیرایڈ کے ضمنی اثر کا نتیجہ ہوتی ہے۔ ٹانگوں کے پٹھوں کو مضبوط بنانے کے لیے، آپ کو ورزش کے لیول کو آہستہ آہستہ بڑھا دینے کی سفارش کی جاتی ہے۔ پیدل چلنا، سائیکل چلانا اور ایکسرسائز بائکس پر ورزش کرنا عمدہ چناؤ ہیں۔.

اگر آپ ورزش کے دوران کسی قسم کی تکلیف محسوس کرتے ہوں، جیسا کہ سانس لینے میں دشواری، چکر آنا، سینے میں درد، اختلاج قلب یا تیز دھڑکن تو، براہ مہربانی اپنی ورزش کو فوری طور پر بند کر دیں اور آرام کریں۔ اگر صورت حال بہتر نہیں ہوتی ہے تو، آپ اپنے معالج سے مشورہ لے سکتے ہیں۔

ورزش آپ کے پٹھوں کی قوت کو بہتر بنا سکتی ہے، بعض ادویات کے مضر اثرات کو کم کر سکتی ہے اور قبض کو روک سکتی ہے۔ تاہم، جگر کی پیوند کاری کے بعد پہلے تین مہینوں میں، آپ کو بھاری وزن اٹھانے کے کام اور بھرپور ورزش سے گریز کرنا چاہیے۔ بنیادی طور پر، آپ جو کچھ بھی کرنا چاہتے ہیں اسے آہستہ روی سے کر سکتے ہیں، بشمول سِٹ اَپس، پیٹ کی ورزشیں اور تیراکی، جو پیٹ کے پٹھوں کو سخت کرنے، اور آپ کے پیٹ کو سپاٹ بنانے میں مدد کرتی ہیں۔ ہم آپ کو جلد از جلد اسکول واپس آنے یا کام پر جانے کی ترغیب دیتے ہیں، لیکن صحت کی بحالی کے عمل کے ہونے کے پہلے 3 مہینوں میں، براہ مہربانی معالجین سے مشورہ لیں اور فیصلہ کرنے سے پہلے اپنی صحت کی حالت پر غور کریں۔




y. All rights reserved

اگر آپ بیرون ملک کسی دورے پر جانے کی منصوبہ بندی
کرتے ہیں تو، براہ مہربانی پہلے اپنی ٹرانسپلانٹ ٹیم کے
معالجین سے مشورہ طلب کریں۔

**5) دانتوں کی دیکھ بھال**

جگر کی پیوند کاری کے بعد، آپ کو منہ کی صفائی کا خیال رکھنا چاہیے اور اپنے دانتوں کو صحتمند رکھنا چاہیے۔ اپنے دانتوں کو ہمیشہ برش کریں اور کھانے کے بعد منہ سے کلی کرلیں۔ اگر آپ کو دانتوں کی دیکھ بھال یا دانتوں کا علاج کروانا پڑ جائے تو، **براہ مہربانی دانتوں کے ڈاکٹر کو بتائیں کہ آپ جگر کی پیوند کاری کے مریض ہیں اور آپ امیونوسپریسنٹ پر ہیں۔**





6) خواتین مریضوں کے لیے، سرجری کے بعد ماہواری عارضی طور پر رک سکتی ہے، مگر حاملہ ہونے کا موقع اب بھی موجود ہوتا ہے۔ مانع حمل طریقوں پر عمل کرنا چاہیے۔ آپ کو حاملہ ہونے کی کوشش کرنے سے قبل پیوندکاری کے بعد کم از کم ایک سال کے انتظار کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

امیونوسپریسنٹ بعض قسم کی منہ سے لی گئی مانع حمل گولیوں کے اثرات میں مداخلت کر سکتی ہے۔ اگر آپ منہ کے ذریعے مانع حمل گولیاں لینا چاہیں تو، براہ مہربانی اپنے معالج سے بات کر لیں۔


Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

**7) حمل**

**اگر آپ بچے پیدا کرنے کا فیصلہ کر لیں تو، براہ مہربانی ٹرانسپلانٹ ٹیم کے معالجین سے اپنے منصوبے پر بات کریں۔** اگرچہ بہت سی خواتین جگر کی پیوند کاری کے بعد ماں اور بچے کے لیے کم سے کم خطرے کے ساتھ بچے پیدا کرنے کے قابل ہو جاتی ہیں، مگر جگر کی پیوندکاری کی حاملہ وصول کنندگان کی بغور نگرانی کی ضرورت پڑے گی۔

**متعددی بیماریوں کے شکار مریضوں کے ساتھ ربط سے گریز کریں**

اگر آپ کے دوست یا عزیز متعدی بیماریوں جیسا کہ انفلوئنزا اور نمونیا میں مبتلا ہوں، یا بالخصوص متعدی امراض جیسا کہ چکن پاکس، ہرپس یا ہیپاٹائٹس کا شکار ہوں تو، براہ مہربانی ان کے ساتھ جسمانی ربط سے گریز کریں۔

اگر وہ گھر کے افراد ہوں تو، انہیں عمومی احتیاط کرنی چاہیے، مثلاً، علیحدہ دسترخوان اور برتن استعمال کریں، اور کھانسی وغیرہ کرتے ہوئے منہ کو ڈھانپیں۔ علاوہ ازیں، آپ کے لیے ماسک پہننا اور ہاتھوں کی صفائی کا کثرت سے اہتمام کرنا بھی ضروری ہے۔ تاہم، آپ کو اس کے باوجود انفیکشن ہونا اب بھی ممکن ہے۔

اگر آپ متاثر ہیں تو، آپ کو ٹرانسپلانٹ ٹیم کے ڈاکٹروں کو مطلع کرنا چاہیے، جو آپ کو مشورہ دیں گے اور ضروری علاج کا انتظام کریں گے۔



Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

**جگر کی پیوندکاری کے بعد فالو اپ دوروں سے متعلق رہنمائی**

ہسپتال سے ڈسچارج ہونے کے بعد، آپ لیور ٹرانسپلانٹ ٹیم کے مشورے کے مطابق مناسب علاج اور دیکھ بھال جاری رکھنے کے ذمہ دار ہیں۔ ڈسچارج ہونے کے بعد، آپ شیڈول کے مطابق روٹین فالو اپس کے لیے ایف/4، بلاک ایس، سپیشلسٹ کلینک، کوئین میری ہسپتال میں لیور ٹرانسپلانٹ کلینک جائیں گے۔ **اگر آپ اپنے جسم میں واضح غیر معمولی پن محسوس کرتے ہیں تو، براہ مہربانی مزید انتظام کے لیے لیور ٹرانسپلانٹ ٹیم کو رپورٹ کریں۔**

**1) لیور ٹرانسپلانٹ سنٹر ہاٹلائن**

اگر آپ کو ڈسچارج کے بعد کسی قسم کے مسائل درپیش ہوں تو، براہ مہربانی کال کریں: ہاٹلائن: 2255 5800 (ریکارڈ فون انسٹال کریں) (سوموار تا جمعه) ہم آپ کو دفتری اوقات میں کال بیک کرتے ہیں

نوٹس: اگر آپ کو بے چینی، جیسا کہ بخار، قے اور دست محسوس ہوں تو، براہ مہربانی جلد از جلد طبی معاونت طلب کریں۔

**2) شیڈول کے مطابق فالو-اپس کے لیے واپس آئیں**

عام طور پر، ڈسچارج کے بعد ابتدائی عرصہ میں فالو اپ دورے زیادہ کثرت سے ہوں گے۔ آپ کو فالو اپ کے لیے واپس آنا ضروری ہے، تاکہ ڈاکٹر آپ کو محفوظ اور مناسب طبی ہدایات دے پائے۔

عدم قبولیت اور انفیکشن جگر کی پیوند کاری کے مریضوں میں عام طور پر دیکھا جاتا ہے، لہذا آپ کو خون کے ٹیسٹ اور تشخیص سے گزرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ براہ مہربانی فالو اپ دورے کے دوران


Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

امیونوسپریسنٹ مثلاً FK506 کی مطلوبہ خوراک ساتھ لانا یاد رکھیں، اور آؤٹ پیشنٹ کلیننک سے خون نکالے جانے کے بعد اسے لیں (S4 کی او پی ڈی کے بندوبست میں ادویات تقسیم نہیں کی جاتی ہیں)۔

**ذیابیطس میلیٹس کے مریضوں کے لیے:** اگر کوئی خاص ہدایت نہ ہوں تو، براہ مہربانی کلینک جانے سے پہلے اپنا ناشتہ اور انسولین کا انجیکشن لگوا لیں۔ اگر ضروری ہو تو، آپ کو ذیابیطس کے ماہر سے رجوع کرنے کا انتظام کیا جائے گا۔

آپ کو اپنی ادویات اور لیور ٹرانسپلانٹ ٹیم کے ڈاکٹروں کی طرف سے تجویز کردہ **خوراکوں کا واضح طور پر ریکارڈ کرنا چاہیے۔** کافی ادویات ہمراہ رکھیں (اگلے طے شدہ دورے تک کافی مقدار موجود ہو)۔ ڈاکٹروں کی ہدایت کے بغیر یا ادویات کی تبدیلی کی نشان دہی کرنے کے لیے کی گئی فون کال کے بغیر، **کبھی بھی اپنی ادویات لینا بند نہ کریں یا انہیں تبدیل نہ کریں۔**

**3) فالو اپ**


عام طور پر، فالو اپ کے دن خون کا نتیجہ معالج کو ملاحظہ کرنے کے وقت جاری نہیں کیا جا سکتا ہے۔ تاہم، خون کے تمام معائنوں کے نتائج کی ہمارے لیور ٹرانسپلانٹ کے سرجنوں کی طرف سے جانچ کی جائے گی، اگر ادویات یا خوراک میں کوئی تبدیلی ہوتی ہے تو، ہمارا لیور ٹرانسپلانٹ کوآرڈینیٹر آپ سے رابطہ کرے گا اور اس کے مطابق آپ کو ہدایت درے گا۔ لہذا، **اگر آپ پتہ یا ٹیلی فون نمبر تبدیل کرتے ہیں تو، براہ مہربانی S4 کے او پی ڈی کاؤنٹر پر اپنا ریکارڈ جلد از جلد اپ ڈیٹ کریں۔**

********اختتام********



Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

**حصه Ⅱ**




ورژن: **10/2018**

**ممکنہ پیچیدگیوں کا تعارف**

**1. جگر کی پیوندکاری کے بعد خون کا اخراج**

پیوندکاری کے بعد پہلے 48 گھنٹوں میں خون بہنے کا سب سے زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ ایسا پیٹ یا معدے کی نالی میں ہو سکتا ہے۔

**پیٹ کے اندر خون کا بہاؤ**

**سبب:**

پیٹ کے اندر خون کا بہاؤ اکثر کوگولوپیتھی اور پورٹل ہائپر ٹینشن، اور سرجری کے دوران دشوار ہیموسٹیسس کے بعد ہوا کرتا ہے۔ تاخیر سے خون کا اخراج شدید انفیکشن کے نتیجے کے باعث واقع ہو سکتا ہے جس سے ویسکولر اینسٹوموسس کی توڑ پھوڑ ہو سکتی ہے۔

**علاج:**

1. خون سے متعلقہ پراڈکٹس کی فراہمی کے ذریعے خون کے جماؤ کے مسئلے کی درستی کریں۔
2. اوپن سرجری کے ذریعے ہیموسٹیسس۔

**معدے و آنت سے خون کا بہاؤ**

**سبب:**

معدے و آنت سے خون کا بہاؤ جو سٹریس السر، گیسٹرائٹس، ڈوڈینیائٹس، کولائٹس یا آپریشن کے بعد سٹیرائیڈ کی زائد خوراک کے نتیجے میں ہوتا ہے، زیادہ تر پیوندکاری کے بعد پہلے 3 ماہ میں ہوتا ہے۔


Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

**علاج:**

1. اینٹیسڈ کی آپریشن کے بعد کے ابتدائی عرصے میں سفارش کی جائے گی اور مریض کو ڈاکٹر کے نسخے کے مطابق طریقہ کار پر عمل کرنا چاہیے۔
2. اینڈوسکوپک ہیموسٹیٹس یا سرجری
3. اگر خون بڑے پیمانے پر بہے تو، اینجیگرام اور ایمبلائزیشن ضروری ہو جاتے ہیں۔

## 2. ویسکولر سٹینوسس یا تھرومبوسس

### ہیپاٹک آرٹری سٹینوسس یا تھرومبوسس

**سبب:**

سرجری یا اینسٹوموسس کے بعد تناؤ کے دوران آرٹیریل اینسٹوموٹک تکنیک سے متعلقہ۔

**نشانیاں اور علامات:**

جگر کا بے قاعدہ فعل، بدلی ہوئی ذہنی کیفیت، ہائپوٹینشن، کوگولوپیتھی، بخار، کپکپی، یرقان اور پیٹ درد۔

**علاج:**

تھرومبس یا شریان میں خون کی گردش میں رکاوٹ کی تشخیص کے لیے فوری سی اے ٹی سکین یا آرٹیریل اینجیوگرام۔ اگر تھرومبس کی تشخیص ہو یا شبہ گزرے تو:

1. تھرومبس کے معائنے، ہٹانے کے لیے آپریشن اور اینسٹوموسس کی تشکیلِ نو۔
2. اگر نشاندہی کی گئی ہو تو اینٹی تھرومبولائٹک ایجنٹ کا انڈیلا جانا
3. اگر علاج ناکام رہتا ہے تو، دوبارہ پیوندکاری درکار ہو گی۔

### پورٹل وین سٹینوسس یا تھرومبوسس


Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

**سبب:**

سرجری سے پہلے موجودہ پورٹل ہائپرٹینشن یا پورٹل وین تھرومبس کے باعث ہو سکتا ہے۔

**نشانیاں اور علامات:**

جگر کے باقاعدہ فعل، خون جمنے کے وقت میں تاخیر، پورٹل ہائپرٹینشن کی نشانایں اور پھیلی وریدوں سے خون کے بہاؤ کے ساتھ موجود ہو سکتی ہیں۔

**علاج:**

1. آپریشن کے بعد کے ابتدائی عرصہ میں تھرومبیسٹومی اور پورٹل وین اینسٹوموسس کا دوبارہ جائزہ۔
2. حالت کو درست کرنے کے لیے انجیوگرافی کے ذریعے جگر کی رگ کے سکڑاؤ کی موجودگی میں جِلد کے کھولے جانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
3. اگر جگر کا فعل شدید طور پر خراب ہو جائے تو، دوبارہ سے پیوندکاری کی نشاندہی کر دی جاتی ہے۔

ویسکولر تھرومبوسس ایک سنگین پیچیدگی ہے۔ یہ جگر کے پیوند کے فعل کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ اس لیے اس کا فوری پتہ لگانا بہت ضروری ہے۔ فی الوقت، لیور ٹرانسپلانٹ سرجن جگر کی پیوندکاری کے ہر مریض کے پیٹ کا الٹراساؤنڈ روزانہ کریں گے تاکہ اس مسئلے کا پہلے پتہ چل سکے۔

ذیل میں تصویر 1 ملاحظہ کریں۔



تصویر 1: ویسکولر الٹراساؤنڈ مشین



Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

### 3. صفرا کی نالی کا سکڑاؤ یا رکاوٹ

**سبب:**

صفرا کی نالی کا سکڑاؤ پیوندکاری کے بعد ایک عام مسئلہ ہے۔ صفر کی نالی کے ملاپ کی جگہ سکڑاؤ کی عام جگہ ہے۔ خطرے کے عوامل میں وائرس سے لگا انفیکشن، اسکیمک چوٹ، اے بی او غیر موافقت، مسلسل عدم قبولیت اور صفرا کی نالی کا انفیکشن شامل ہیں۔

**نشانیاں اور علامات:**

بخار، کپکپی، یرقان، پیٹ درد اور شدید خارش

**علاج:**

1. اینڈوسکوپک ریٹروگریڈ کولنجیوپینکریاٹوگرافی (ERCP) کے ذریعے آنتوں کے سنکن کا غبارے کی طرح پھیلاؤ۔
2. پرکیٹینئس ٹرانشپیٹک بائیلیری ڈرینج (PTBD)۔
3. اینسٹوموسس سٹرکچر کو سرجری کے ذریعے ٹھیک کیا جا سکتا ہے۔

### 4. صفرا کا رساؤ

صفرا کی نالی کی انضمام شریان کی جگہ یا جگر کے چیرے والی جگہ سے رساؤ۔

**سبب:**

تکنیکی عنصر یا ہیپاٹک آرٹری کی تھرومبوسس آرٹری

**نشانیاں اور علامات:**


Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

بخار، پیٹ کا ابھارا اور درد، ڈرینج ٹیوب سے صفرا کا اخراج

**علاج:**

1. اینٹی بائیوٹک کی نگرانی کریں۔
2. اینڈوسکوپک ریٹروگریڈ کولینجیوپینکریاٹوگرافی (ERCP)۔
3. اگر انضمام شریان سے رساؤ واقع ہوتا ہے تو، اینسٹوموسس کی اصلاح کی جا سکتی ہے۔

**5. انفیکشن:**

**سبب:**

پیوند کاری کروانے والے مریض کو آپریشن کے بعد بیکٹیریل، فنگل یا وائرل انفیکشن کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ گرافٹ کو عدم قبولیت سے روکنے کے لیے دی جانے والی امیونوسپریسنٹ ادویات مریض کو انفیکشن کے زائد خطرے کا شکار کر دیتی ہیں۔ شدید انفیکشن سیپسس، کثیر اعضاء کی ناکارگی کا باعث بنے گا، جس کے نتیجے میں موت واقع ہو سکتی ہے۔

**نشانیاں اور علامات:**

بخار (جسم کا درجہ حرارت 37.6°C یا 100°F ہو)، کپکپی اور میلائس، سانس لینے میں دقت، پیٹ کا شدید درد یا ڈس انٹینشن، شدید قے یا دست۔

**علاج:**

1. ذاتی حفظان صحت ضروری ہے۔
2. انفیکشن والی بیماری کے مریضوں کے ساتھ ربط سے گریز کریں۔
3. آپریشن کے دوران اور آپریشن کے بعد مانع مرض دافع انفیکشن ادویات دینے کا انتظام کیا جاتا ہے۔



Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

4. معالج سے رابطہ کریں اگر انفیکشن کی کوئی نشانی یا علامت نظر آئے۔

فی الوقت، جگر کی پیوندکاری پر مامور ٹیم اینٹی بائیوٹک، اینٹی وائرل اور اینٹی فنگل ادویات تجویز کرے گی جو کہ جگر کی پیوندکاری کے بعد 3 ماہ کے لیے دی جائیں گی۔ گردے کی خرابی کے مریض کے لیے، ہمارا معالج انفرادی طور پر ان ادویات میں ردوبدل کرے گا۔

## جگر کی پیوندکاری کے بعد عدم قبولیت

**اسباب:**

جگر کی پیوندکاری کے بعد، آپ کے جسم کا مدافعتی نظام فعال ہو جائے گا تاکہ آپ کے نئے جگر کے خلاف مزاحمت کر سکے جس سے عدم قبولیت ہو سکتی ہے۔ امیونوسپریسینٹ ادویات کو ضرورت پڑ جاتی ہے تاکہ اس عدم قبولیت سے بچا جا سکے۔

**نشانیاں اور علامات:**

ابتدائی عدم قبولیت کے حوالے سے، اکثر کی کوئی نشانیاں یا علامات نہیں ہوتی ہیں، مگر تاخیر سے عدم قبولیت پر، ان میں درج ذیل وقوع پذیر ہو سکتی ہیں:

1. آنکھ اور جلد کا زرد پڑ جانا
2. گہرے رنگ کا پیشاب آنا
3. بخار
4. جگر کے مقام پر درد

**علاج:**

1. امیونوسپریسنٹس جو کہ عدم قبولیت جیسا کہ ٹیکرولیمس (FK506)، مائیکوفینولیٹ میفوٹیل (MMF) وغیرہ سے بچاتے ہوں۔
2. مریض کو ڈاکٹر کے نسخے کے مطابق دوا لینے کے طریقے کی پیروی کرنی چاہیے۔



Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

اگر درج ذیل علامات وقوع پذیر ہوتی ہیں تو، براہ مہربانی ہمارے لیور ٹرانسپلانٹ سنٹر سے جلد از جلد رابطہ کریں:

1. 24 گھنٹوں سے زائد دست ہوں
2. متلی یا قے جو کہ آپ کو ادویات لینے سے روک دے

پریشان نہ ہوں۔ اگر آپ ہمارے شیڈول کے مطابق فالو اپ کرواتے ہیں تو، آپ کے خون کا نتیجہ جو فالو اپ کے دن لیا گیا تھا، اس کی ہماری ٹیم کے معالجین کے ذریعے جانچ کی جائے گی۔ اگر کوئی مسائل پیدا ہوتے ہیں تو ہم آپ سے رابطہ کریں گے۔

********اختتام********


Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved

| | |
|---|---|
| پمفلٹ کا عنوان اور شعبہ جاتی کوڈ | کوئین میری ہاسپٹل |
| QMHISrgery-52 | ملکیت |
| مئی/2021 | آخری جائزہ/نظرثانی |
| HKWC انفارمیشن پمفلٹ ورکنگ گروپ | منظوری |
| جیسا کہ درخواست کی گئی | تقسیم |


Copyright © 2023 Hospital Authority. All rights reserved